علوم حدیث میں

محدث العصر مجدد الشیخ

محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ

کی ہمہ جہتی خدمات کا مختصر تعارف

ڈاکٹر حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

COPYRIGHT محفوظ
All Rights Reserved جمیع حقوق

علوم حدیث میں

محدث العصر مجدد الشیخ
محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ

کی ہمہ جہتی خدمات کا مختصر تعارف

دکتور حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

SHAIKH Dr. ARSHAD BASHEER UMARI MADANI waffaqahullah
Hafiz and Aalim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean the ABM School, Hyderabad, TS,INDIA
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com| www.askislampedia.com| www.askmadanicom

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

أَلَا إِنِّي أُوتِيتُ

الْكِتَابَ وَمِثْلَهُ

أَلَا إِنِّي أُوتِيتُ

الْقُرْآنَ وَمِثْلَهُ

مُسْنَدُ الْإِمَامِ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ

خبردار، اچھی طرح سن لو! مجھے کتاب عطا کی گئی ہے اور
اس کے ساتھ اس کی مثل (یعنی سنت) بھی دی گئی ہے

خبردار، اچھی طرح سن لو! مجھے قرآن عطا کیا گیا ہے اور
اس کے ساتھ اس کی مثل (یعنی سنت) بھی دی گئی ہے

فہرست

1	شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف	1
2	علم حدیث میں علمی سفر کا آغاز کیسے ہوا؟	2
3	علم حدیث کوئی سہل الحصول علم نہیں	3
4	علم حدیث شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کا جزء لاینفک	3
5	اہل الحدیث کی عظمت وشان پر اہل علم کے کچھ اقوال	4
6	علم حدیث کی شان عالی پر کچھ اشعار	6
7	شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے مقام و مرتبہ کے اعتراف میں اکابر علماء کرام کے کلمات	6
8	شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی ہمہ جہتی خدمات، 61 نکات کی شکل میں	8
9	عربی اقتباسات اور 100 رواۃ پر شیخ کی محنت کی ایک جھلک اور نمونہ	31
10	شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات اور تحقیقات کی فہرست (السلسلة الصحيحه اور السلسله الضعيفة اور سنن اربعہ کی تصحیح وتضعیف کے علاوہ)	103

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنّ الحَمْدَ للهِ، نَحْمَدُهُ، وَنَسْتَعِينُهُ، وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوذُ بِاللهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، وَسَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِهِ اللهُ فَلاَ مُضِلّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلاَ هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاّ اللهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنّ مُحَمّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلَى يَوْمِ الدِّينِ، وَسَلّمَ تَسْلِيمَاً كَثِيرَاً، أَمّا بَعْدُ:

مُقَدِّمَة

الحمد للہ! شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات اور تحقیقات نے حدیث کی دنیا میں انقلابی تبدیلیاں لائیں اور ان کی تحقیقاتی محنت نے اسلامی علوم کے شعبے میں گہرے اثرات مرتب کیے ہیں شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفات اور تحقیقی کام آج بھی علماء اور طلباء کے لیے ایک قیمتی وسیلہ ہیں، حدیث کی تحقیقی اصول میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے سند اور متن دونوں کا اہتمام فرمایا، شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تجدیدی مساعی جمیلہ نے تحقیق و تخریج حدیث کی دنیا میں ایک نیا موڑ فراہم کیا اور امت کا بڑا طبقہ اب حدیث کو صرف تبرک کے لئے نہیں پڑھتا بلکہ تخریج، فہم، عمل اور دعوت واصلاح کے لئے پڑھتا ہے، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے مختلف اسلامی ملکوں میں درس وتدریس کی خدمات انجام دیں، جہاں انہوں نے اپنے علم اور تحقیق کو لوگوں تک پہنچایا ان کے لیکچرز اور محاضرات نے بہت سے طلباء کو حدیث کی صحیح فہم عطا کی، اللہ سبحانہ وتعالی سے دعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالی ان مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے آمین۔

﴿وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ﴾

سند و متنِ حدیث / وعلومِ حدیث واصحابِ حدیث سے میرا تعلق چند سطور کی شکل میں		
شمار	سند	شیوخ
1	سند: صحیح البخاری	منجانب: شیخ دکتور عبد اللہ جولم حفظہ اللہ
2	سند: سنن الترمذی	منجانب: شیخ حفیظ الرحمٰن اعظمی رحمۃ اللہ علیہ
3	سند: کتب ستہ	منجانب: شیخ علامہ ظہیر الدین اثری رحمانی رحمۃ اللہ علیہ
4	سند: مسند بزار	منجانب: دکتور عبد اللہ المراد رحمۃ اللہ علیہ (مدرس جامعہ اسلامیہ المدینہ المنورہ)
5	شہادۃ تخصص فی الحدیث	(کلیۃ الحدیث الشریف [مدینہ یونیورسٹی])
6	مولانا عبد العزیز رحمانی کرنولی رحمۃ اللہ علیہ جو رشتہ میں میرے نانی کے ماموں تھے، مولانا سے میرے لئے میری والدہ محترمہ نے دعا کروائی اور والدہ نے کہا کہ شیخ نے بہت دیر تک دعا کی میرے لئے۔ الحمد للہ	
احادیث کی تخریج، ترجمہ، تشریح، تعلیق، حاشیہ، ملاحظات		
7	تخریج:- اذکار الصباح والمساء	
8	تخریج:- الاذکار بعد الصلاۃ	
9	تخریج وملاحظات:- حصن المسلم	
10	علوم حدیث (مرحلہ اولی)	
11	علوم حدیث (مرحلہ ثانیۃ)	
12	کتاب اسباقِ حدیث (1500 صفحات پر مشتمل ترتیب کے مرحلے میں ہے ان شاء اللہ بہت جلد منظر عام آئے گی)	
13	ترجمہ / تشریح / تخریج / تعلیق / حاشیہ: جامع العلوم والحکم وار بعین نوویۃ 50 احادیث میں سے تین احادیث (PDF) کی شکل میں شائع ہو چکی ہے، الحمد للہ:	

	1) حدیث انما الاعمال بنیات 2) حدیث جبریل علیہ السلام 3) حدیث الدین النصیحۃ اللہ سبحانہ وتعالی کے فضل وکرم سے بقیہ احادیث پر کام جاری ہے۔
14	علم اسماء الرجال([PDF]نصاب کی شکل میں شائع ہو چکی ہے الحمد للہ)
15	علم الراوۃ([PDF]نصاب کی شکل میں شائع ہو چکی ہے الحمد للہ)
16	کتبِ حدیث اور محدثین کا تذکرہ (یہ کتاب حدیث کی تدوین کرنے والے محدثین کی سوانح حیات اور محدثین کی کتب کا جامع تعارف پر مشتمل ہو گی ان شاء اللہ)
17	حدیث پر اعتراضات کے جوابات (اردو، انگریزی زبانوں میں ویڈیو کی شکل میں)
18	تدریس، تعلیم وتدریب، برائے طلبۂ علوم الحدیث بذریعہ دروسِ علمیہ ومحاضرات۔
19	اور اسی طرح جامعات ومعاہد کے لئے بذریعہ انٹرنیٹ آن لائن دروس۔ (ابھی تک 5000 سے زائد طلبہ استفادہ کر چکے ہیں الحمد للہ)
20	مختلف ممالک میں دورۂ تدریبیہ برائے علمِ حدیث (صحیح وضعیف کی پہچان) الحمد للہ ابھی تک جن ممالک کا دورہ کیا گیا ان میں امریکہ، کنیڈا، ہندوستان، خلیجی ممالک، ملیشیا، سنگاپور، برطانیہ، فرانس، جاپان وغیرہ شامل ہیں۔

﴿الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ﴾

والسّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دکتور ارشد بشیر مدنی وفقہ اللہ

تاریخ:26/اگست/2024ء

مطابق:20/صفر/1446ھ

GLOBAL ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia



علوم حدیث میں

محدث العصر مجدد الشیخ

محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ

کی ہمہ جہتی خدمات کا مختصر تعارف

1۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف

محققِ شہیر، مجدد دین، محدثِ کبیر امام جرح وتعدیل الشیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ

- مکمل نام: محمد ناصر الدین بن الحاج نوح بن نجاتی بن آدم الاشقودری البانی الارنؤوطی دمشقی۔
- کنیت: ابو عبد الرحمن (شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے سب سے بڑے بیٹے کا نام عبد الرحمن تھا)۔
- المشہور: شیخ البانی۔
- نسب: ارنؤوطی (شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ ارنؤوطی نسل سے ہیں)[1]

---

[1] ارنؤوطی کی وجہ تسمیہ: دراصل ارنؤوطی اس نسل کو کہا جاتا ہے جو سلطنت عثمانیہ کے دورِ حکومت میں ملکِ شام سے ہجرت کر کے البانیہ میں جا کر آباد ہو گئے جو بلادِ بلقان اور بحر ایڈریاٹک (Adriatic Sea) پر واقع ہے، سلطان محمد الفاتح نے اس خطے کو سلطنتِ عثمانیہ میں شامل کیا تھا اور 1911ء تک البانیہ سلطنت عثمانیہ کا حصہ رہا، سن 1912ء میں البانیہ کو آزاد ملک قرار دیدیا گیا اس کے بعد البانیہ میں انتشار پیدا ہو گیا اسی دوران (1/ستمبر/1928ء) میں شاہ احمد زوغ کی جانب سے البانیہ میں بادشاہت قائم کی گئی شاہ احمد زوق کی حکومت (10/جنوری/1946ء) تک چلی اس کے بعد پھر سے انتشار کا دور شروع ہو گیا (28/ڈسمبر/1976) کو تیسری مرتبہ البانیہ میں جمہوریت قائم کرنے کی کوشش شروع کی گئی بالآخر (29/اپریل/1991ء) کو البانیہ میں جمہوریت قائم کر لی گئی اس انتشار اور فتنوں کے دور کے عرصہ کے دوران البانیہ کے بعض باشندے عرب ممالک کی طرف ہجرت کر گئے ان میں اکثریت بلقان کے ارنؤوطی مسلمانوں کی بھی تھی ہجرت کرنے والوں میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد بھی شامل تھے جنہوں نے ملک شام کے مشہور شہر دمشق کی طرف ہجرت کی اور دمشق میں سکونت اختیار کی۔

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

- تاریخ پیدائش:1332ہجری/1914ء۔(شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میرے پاس معتمد بہ تاریخ پیدائش موجود نہیں ہے البتہ میرے پاس میرے شناختی کارڈ اور پاسپورت میں جو تاریخ پیدائش درج ہے اس اعتبار سے میری سن پیدائش 1914ء ہے)
- مقامِ پیدائش: اشقودر (جس سال شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش ہوئی تھی اس وقت شہر اشقودر البانیہ کا دارالحکومت کہلاتا تھا)
- آبائی وطن: شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا آبائی وطن البانیہ تھا۔
- تاریخ وفات:1420ھ۔1999ء,(22/جمادالثانی/1420ھ)
- مقام وفات:عمان(اردن کا دارالحکومت)
- یومِ وفات:بروزِ ہفتہ
- وقتِ وفات:عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔

﴿إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾

علماء ہی انبیاء کے ورثاء، اور مشاعل راہ ہیں جو اس راہ کے راہگیروں کی راہیں تابناک بناتے ہیں- باذن اللہ- ، ہمارے دور کے باعلم و باعمل ربانی علماء اور مجددین دین میں سے ایک عظیم مجدد شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں جو اپنے مادر وطن البانیا کی نسبت "امام البانی رحمۃ اللہ علیہ" سے شہرت رکھتے تھے۔وہ اللہ تعالی کی ایک عظیم نشانی، علم حدیث شریف اور اس کے علوم و فنون کے عالم ربانی ہی نہیں بلکہ اس علم کے مجدد تھے جنہوں نے صدیوں گزر ماند پڑ گئے اس علم میں زندگی کی روح پھونکی، امام البانی رحمۃ اللہ علیہ محض ایک عالم نہ تھے بلکہ وہ محدث، مربی اور ایسے فقیہ تھے جن کی فقہ کی بنیاد، کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں تھی اور جو کسی مذہبی تعصب کا شکار نہ تھے، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ علم کا ایک بحر زخار، حفظ اور فہم کا ایک بلند و بالا پہاڑ، وسیع معرفت، گہری آگہی رکھنے والے تھے۔

شیخ محمد ناصر الدین بن نوح بن آدم بن نجاتی البانی رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت باسعادت البانیہ کے پایہ تخت اشقودرہ میں 1914ء کو معاشی طور پر تنگدست لیکن دینی اعتبار سے متمول گھرانہ میں ہوئی جو دینداری میں

اپنی علمی چھاپ رکھتا تھا۔ ان کے والد الحاج نوح نجاتی البانی رحمۃ اللہ علیہ سلطنت عثمانیہ کے دار السلطنت استانہ موجودہ استنبول سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد اپنے شہر واپس آکر لوگوں کو تعلیم دیتے ہوئے وہ مقام بنایا کہ اکتساب علم کا مرجع بن گئے لیکن جب ملک احمد زوغو نے البانیہ کی حکومتی باگ دوڑ سنبھالی تو سارے ملک کو لادینیت اور مغرب پرستی میں تبدیل کر دیا جس ماحول نے اسلامی چھاپ کو مٹانے کا کام کر دیا اور وہ خلافت عثمانیہ کو ڈھانے والے اتاترک کے نقش قدم پر چلنے لگا، شیخ کے والد بزرگوار کو بھی بخوبی اندازہ ہو گیا کہ حالات اس سے بدتر ہو سکتے ہیں تو فتنوں سے اپنی اولاد کو بچانے دین اسلام کی دولت کو لئے شام ہجرت کر گئے اور دمشق شہر کو منتخب کیا جو ان کے حج کو جانے اور واپسی کے راستہ پڑتا تھا، نیز احادیث شریفہ میں اس شہر کے فضائل اور اس کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء سے واقف تھے۔

البانیہ سے ہجرت کرنے والے اس جواں سال نے اپنی تعلیم کا آغاز ملک شام کے شہر دمشق واقع "مدرسه الاسعاف الخيرية الابتدائية "سے کیا، اس دوران شام کی فرانسیسیوں کے ساتھ سخت جھڑپیں چلنی شروع ہو گئی اور اس کے سبب اس مدرسہ کو آگ لگ گئی تو انہوں نے اس کو سوق سارو جہ کے دوسرے مدرسہ میں منتقل کر دیا اور وہاں شیخ نے اپنی پہلی ابتدائی تعلیم کے مرحلہ کو مکمل کیا، والد صاحب نے قرآن مجید، تجوید، صرف و نحو اور فقہی پر مشتمل ایک مرکزی علمی پروگرام وضع کر لیا، شیخ نے بعض دینی اور عربی علوم اپنے والد کے بعض رفقاء علم شیوخ جیسے شیخ سعید برھانی سے کتاب " مراقی الفلاح" اور علوم بلاغت کی بعض عصری کتب پڑھی۔

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے اساتذہ کا تذکرہ

شیخ محمد ابراہیم الشیبانی حفظہ اللہ نے اپنی کتاب "حياة الألباني وآثاره وثناء العلماء عليه" میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے پانچ اساتذہ کا ذکر کیا ہے:

1) "والده الشيخ نوح الألباني، وقد أخذ عنه القرآن الكريم والنحو والصرف والفقه الحنفي" شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم الشیخ نوح البانی رحمۃ اللہ علیہ آپ کے اساتذہ میں سے ہیں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد محترم سے قرآن کریم، صرف و نحو اور

فقہ حنفی کا علم حاصل کیا۔

2) "الشيخ سعيد البرهاني ، وقد أخذ عنه الفقه الحنفي وبعض علوم اللغة" الشیخ سعید البراہانی رحمۃ اللہ علیہ سے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے فقہ حنفی کا علم حاصل کیا اور علوم اللغۃ میں بعض علم حاصل کئے۔

3) "العلامة بهجة البيطار، وكان يحضر مجالسه" شیخ البانی ہمیشہ سے ہی علامہ بہجۃ البیطار رحمۃ اللہ علیہ کی مجالس علمی میں حاضر رہے۔

4) " الشيخ محمد راغب الطباخ ، وله منه إجازة في الحديث" شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کو الشیخ محمد راغب الطباخ رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث کا اجازۃ حاصل تھا۔

(حیاۃ الالبانی وآثارہ وثنا العلماء علیہ لمحمد ابراہیم الشیبانی، صفحہ:45، الناشر: مکتبۃ السداوی)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے:"حياة الألباني وآثاره وثناء العلماء عليه"

تلامذہ (شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں کی مختصر تفصیل)

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد کی تعداد بہت زیادہ ہے جو دنیا کے تمام ممالک میں پھیلے ہوئے تھے یقینی طور پر ان شاگردوں کی تعداد زیادہ ہے جو براہ راست آپ سے علم حاصل کیا اور ان میں سے بعض شاگرد بواسطۂ کتب بھی ہیں اور ایسے شاگرد اپنے آپ کو شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا شاگرد کہلانے میں اپنے لئے فخر محسوس کرتے ہیں، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ سے براہ راست علم حاصل کرنے والے طلبا کو دو طبقوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

پہلا طبقہ: جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کے طلباء جنہوں نے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ سے براہ راست جامعہ میں علم حاصل کیا۔

دوسرا طبقہ: دوسرے طبقے میں وہ طلبا شامل ہیں جو شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی مجالس اور دروس میں حاضر رہتے تھے، تمام شاگردوں میں سے بعض اہم اور نامور شاگردوں کا ذکر حسبِ ذیل ہے:

1) الشیخ المحدیث مقبل بن ہادی الوادعی رحمۃ اللہ علیہ (1356-1422ھ/1937 – 2001ھ) (ابو عبد الرحمن مقبل بن ہادی بن مقبل بن قائدۃ الہمدانی الوادعی)، آپ شمالی یمن صعدہ شہر کے قریب ایک گاؤں دماج میں پیدا ہوئے آپ کا خاندان زیدی شیعہ تھا آپ کم عمری میں ہی مکہ چلے گئے اور اپنی ثانوی اسکول کی تعلیم مکہ کے اسکول میں مکمل کی پھر آگے کی تعلیم آپ نے جامعہ اسلامیہ مدینہ المنورہ سے مکمل کی آپ کے شیوخ میں الشیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ، الشیخ بن باز رحمۃ اللہ علیہ اور الشیخ عبد اللہ صومالی رحمۃ اللہ علیہ قابل ذکر ہیں، آپ نے بہت زیادہ کتابیں لکھیں ہیں ان میں سے بعض یہ ہیں: (1) تحقیق وتخریج مجلدین من «تفسیر ابن کثیر» إلی سورۃ المائدۃ (2) الصحیح المسند من أسباب النزول (3) الشفاعۃ (4) الجامع الصحیح في القدر (5) الصحیح المسند من دلائل النبوۃ () صعقۃ الزلزال لنسف أباطیل الرفض والاعتزال

2) الاستاذ الشیخ محمد زہیر الشاوش رحمۃ اللہ علیہ (محمد زہیر بن مصطفی بن احمد بن علی الشاوش الحسینی الہاشمی) -(1344- 1434 ھ / 1925-2013ء)-(باحث محقق، کاتب اور مورخ) آپ دمشق (سیریا) میں 8/ربیع الاول/1344ھ (25/ستمبر/1925) کو پیدا ہوئے آپ کو الشاوش اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ کے دادا دمشق سے مکہ جانے والے اور واپس آنے والے حاجیوں کے قافلوں کے محافظ تھے اسی وجہ سے آپ کے دادا کو (شویش) لقب دیا گیا تھا۔ آپ علم کے دھنی تھے آپ نے کثیر علمائے کرام سے علم حاصل کیا تھا اور شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردِ رشید تھے، آپ نشر واشاعت میں بہت زیادہ دلچسپی رکھتے تھے لہذا 1950ء میں آپ نے دمشق میں "دارالسلام" نام سے اشاعتی ادارہ قائم کیا اور شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی بیشتر کتب کو آپ نے ہی شائع کیا تھا، 1957 میں دارالسلام

کا نام بدل کر "المکتب الاسلامی" رکھا گیا یہ ادارہ سلفی مکتب فکر کا ایک ممتاز ادارہ کہلاتا ہے آپ بیشمار کتابوں کے مؤلف ہیں اور احایث کی کئی کتابوں پر آپ نے تحقیق کا کام بھی کیا ہے۔

3) الشیخ المحدث حمدی عبد المجید السلفی رحمۃ اللہ علیہ (کرد الاصل) (حمدی بن عبد المجید بن اسماعیل بن محمد بن عمر بن ابراہیم)، کردستان کے منطقہ بوتان سے آپ کے آباواجداد کا تعلق تھا اس لیے آپ کو بوتانی بھی کہا جاتا ہے، آپ کی پیدائش سن 1349ھ/1931ء میں (3/ذی الحجہ/1349ھ، بروزِ منگل سیریہ (شام) کے ایک گاؤں المصطفی میں) ہوئی۔ اور وفات 18/ذی القعدہ/1433ھ (2012ء)، بروز جمعرات علالت کے باعث ہوا۔ آپ محدث تھے محقق تھے آپ کی تحقیقات بہت مشہور ہوئی المعجم الکبیر للطبرانی، مسند الشامیین للطبرانی، مسند الشہاب الزہری، فتح الوہاب فی تخریج احادیث الشہاب، وغیرہ، اور بیشمار احادیث کی ان کتابوں پر آپ نے گران قدر تحقیقات کا کارنامہ انجام دیا۔

4) الشیخ محمد بن جمیل زینو رحمۃ اللہ علیہ (1344-1431ھ/1925-2010ھ) آپ کی پیدائش حلب (Aleppo) میں ہوئی۔ 11/ذی القعدہ/1431ھ، بروزِ جمعہ آپ کا انتقال ہوا۔ آپ شیخ البانی ان شاگردوں میں سے ہیں جنہوں نے شیخ کی بہت زیادہ صحبت پائی تھی حلب، حماۃ، الرقۃ، اور مناطق میں شیخ جمیل زینو شیخ البانی کے ساتھ رہا کرتے تھے۔ شیخ جمیل زینو نے کئی کتابیں لکھیں ان میں سے:" توجيهات إسلامية "اور" مجموعة رسائل التوجيهات الإسلامية لإصلاح الفرد والمجتمع" قابل ذکر ہیں۔

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

5) محدث فقیہ الشیخ محمد عید العباسی حفظہ اللہ (محمد عید بن جاداللہ بن مصطفی بن حسین بن یاسین العباسی) پیدائش: 1/ذی الحجہ/1357ھ، مطابق 1938ء میں آپ دمشق میں پیدا ہوئے، حال مقیم ریاض، آپ کی تالیفات بھی بہت زیادہ ہیں: (1) بدعة التعصب المذهبي وآثارها الخطيرة في جمود الفكر وانحطاط المسلمين (2) ملحق كتاب بدعة التعصُّب المذهبي (3) حقوق الإنسان في الإسلام (4) السيرة النبوية الصحيحة وفقهها

6) الشیخ مشہور بن حسن بن محمود آل سلمان المکنی حفظہ اللہ (کنیت: ابو عبیدۃ، 1380 ہجری میں آپ فلسطین میں پیدا ہوئے) آپ محقق بھی ہیں اور کئی کتابوں کے مولف بھی ہیں آپ کی قابل ذکر کتابیں یہ ہیں: (1) السلفيون وقضية فلسطين في واقعنا المعاصر (2) العراق في أحاديث وآثار الفتن (3) القول المبين في أخطاء المصلين (4) الهلال – مشهور۔

7) الشیخ علی بن حسن بن علی بن عبد لحمید الحلبی فلسطینی یافی رحمۃ اللہ علیہ (1960ء–2020ء) (فلسطین کے شہر یافا سے آپ کا تعلق ہے اسی وجہ سے آپ کو یافی بھی کہا جاتا ہے اصلاً حلبی ہیں اور اردنی مہاجر ہیں آپ کے والد نے فلسطین یافا شہر سے ہجرت کر کے اردن میں سکونت اختیار کی۔ آپ کی مشہور کتابیں یہ ہیں: (1) علم أصول البدع (2) دراسات علمية في صحيح مسلم (3) النكت على نزهة النظر (4) الدعوة إلى الله بين التجمع الحزبي والتعاون الشرعي۔

8) الشیخ سلیم بن عید بن محمد بن حسین الہلالی حفظہ اللہ (پیدائش: 1377ھ۔ 1957ء)، آپ کی مشہور کتابیں: (1) الاستيعاب في بيان

الأسباب(2)عجالة الراغب المتمني في تخريج كتاب "عمل اليوم والليلة" لابن السني(3)موسوعة المناهي الشرعية(4)بهجة الناظرين بشرح رياض الصالحين۔

9) الشیخ حسین بن عودۃ العوایشۃ: آپ کی مشہور کتابیں"(1)الموسوعة الفقهية الميسرة في فقه الكتاب والسنة المطهرة(2) الإخلاص(3) القبر عذابه ونعيمه"۔

10) الشیخ عبدالرحمن بن عبدالخالق الیوسف رحمۃ اللہ علیہ (1358ھ / 1939ء - 1442ھ/2020ء)آپ یمنی الاصل ہیں، یمنی قبیلہ آل زہیر سے آپ کا تعلق ہے آپ کا خاندان مصر کے ایک قریہ "منوفیۃ" میں آباد تھا پھر آپ نے 1965ء میں کویت ہجرت کی اور 2010ء میں کویت کے شہری کہلائے آپ کا شمار شیخ البانی کے خاص شاگردوں میں ہوتا ہے آپ کے اساتذہ میں الشیخ بن باز اور الشیخ عبدالرزاق عفیفی بھی شامل ہیں، آپ صوفیہ اشاعرہ اور شیعہ سے مناقشہ میں بہت مشہور ہوئے، 60 سے زیادہ آپ کی مؤلفات ہیں:(1) الشورى في ظل نظام الحكم الإسلامي(2) السلفيون والأئمة الأربعة رضي الله عنهم(3)أضواء على أوضاعنا السياسية(4) القضايا الكلية للاعتقاد في الكتاب والسنة

نوٹ: شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ کی تعداد سیکڑوں میں ہے یہاں پر اختصار کے لئے صرف 10 تلامذہ کا ذکر کیا گیا ہے۔

2۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا علم حدیث میں علمی سفر کا آغاز کیسے ہوا؟

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ عمر شباب کے بیسویں سال میں تھے کہ ان کی نظر علامہ محمد رشید رضا رحمۃ اللہ علیہ کی ادارت میں شائع ہونے والے مجلہ "المنار" کے ایک شمارہ پر پڑی جو فروخت کی جانے والی کتابوں کے درمیان پڑا تھا اور جس میں علامہ رشید رضا نے امام غزالی کی کتاب "الاحیاء" کی خوبیوں، اس کے محاسن اور اس کے مصادر پر مشتمل ایک علمی تنقید تھی جس سے وہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور اس کے بعد انہوں نے کتاب "الاحیاء" پر حافظ عراقی کی تخریج کردہ کتاب معاشی تنگ دستی کی بناء پر اجرت پر حاصل کی اور اس دقیق تخریج کو ضبط تحریر کرنے کا عزم کر لیا اور اس کے پڑھنے میں اس قدر جدوجہد کی کہ ان کو اس فن میں پیشرفت کرنے کا حوصلہ ملتا گیا، نیز انہوں نے تخریج کے پہلو سے نص کو سمجھنے کے لئے اپنی مختلف تالیفات میں لغت، بلاغت اور حدیث کے تشریح طلب الفاظ سے مدد لینا شروع کر دیا، اور اس طرح یہ نسخہ تین جلدوں پر مشتمل چار اجزاء کا حامل ہو گیا جس کے صفحات دو ہزار بارہ تھے، اور اس طرح یہی ان کا انتہائی پسندیدہ و مرغوب امر ہو گیا، سبحان اللہ! یہ تھی شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی جواں عمری کے ابتدائی دور کی ایک جھلک! شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ پر اللہ تعالی کا ایک بڑا فضل یہ تھا کہ والد بزرگوار نے جواں عمری ہی میں گھڑیوں کی مرمت کا فن سکھا دیا تھا، اس لئے روزآنہ دن بھر میں تین گھنٹے گھڑیوں کی مرمت فرماتے اور بقدر کفاف روزی کما کر اہل و عیال کی ضروریات کی تکمیل فرماتے اور دمشق میں واقع لائبریری "مکتبہ ظاہریہ" میں آٹھ آٹھ گھنٹے علم حدیث سیکھنے، اس کی تصنیف و تالیف اور بالخصوص وہاں موجود مخطوطات کے مطالعہ میں غرق رہتے اور ایسا لگتا تھا کہ گویا وہ اس لائبریری کے ملازم ہوں، وہیں مسلمانوں کے ساتھ نمازیں باجماعت ادا کر لیتے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی دین اسلام پر مشتمل ہمہ جہتی علمی خدمات رہی ہیں، ان تمام کاوشوں کو ضبط تحریر میں لانے کے لئے کافی وقت درکار ہے، زیر نظر مختصر سے کتابچہ میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی علم حدیث میں پیش کردہ خدمات کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

3۔ علم حدیث کوئی سہل الحصول علم نہیں

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصحیح اور تضعیف پر مشتمل علم "علم تخریج" کوئی ایسا سہل الحصول علم نہیں کہ چار یا پانچ چھ سال اس علم کی پابندی کے ساتھ جڑے رہنے والا طالب علم اس علم کے عالم بے کنار کی طرح حکم

لگانے لگ جائے۔

4۔ علم حدیث شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کا جزء لاینفک

حقیقت یہ ہے کہ علم حدیث اور سنت نبوی ﷺ برسہابرس محض لائبریریوں کی زینت بنا رہا لیکن شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ تعالی نے عظمتوں اور رفعتوں والی ایسی توفیق عنایت فرمائی کہ انہوں نے علم حدیث سے شغف رکھنے والے اس امت کے جواں سالوں میں اس بابرکت علم کی ایسی روح پھونک دی کہ وہ اس خاک ارضی کے چار دانگ عالم میں پھیل گئے، وہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے علوم سے فیضیاب ہوتے ہیں اور اوروں کو فیضیاب کرتے ہیں اور آج الحمدللہ یہ صورتحال ہے کہ علم حدیث اور سنت نبوی ﷺ لوگوں کے لئے سہل الحصول ہو چکا ہے، حد اعتدال سے تجاوز کرنے والوں کی تحریفات اور باطل پرستوں کے باطل طریقوں و مسالک سے سنت نبوی ﷺ کے دفاع میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی عمر کے پچاس برس کو بہترین زاد آخرت تیار کرنے میں صرف کر دیا کہ رسول اللہ ﷺ کی احادیث اور ان کا دفاع، شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کا جزء لاینفک اور آپ کی رگ وریشہ میں بہنے والے خون کی طرح ہو چکا تھا اور اس کے لئے انہوں نے اپنے بہت سے ہم عصر اور متعصب افراد کا مقابلہ کیا اور اسی بغض وعناد کے سبب دو مرتبہ انہیں پابند سلاسل ہونا پڑا۔

تمام امت مسلمہ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ تا قیامت ممنون ومشکور رہے گی اور ان کے حق میں دعا گو ہے کہ اپنے دین متین کے خادمین اہل علم، طلبہ علم اور طالبان حق کے اجر و ثواب ضائع نہ کرنے والے مولائے رب کریم! شیخ کی بخشش فرمادے، ان کے درجات کو رفعتیں عطا کر اور جنت الفردوس کو ان کا مسکن بنادے۔

5۔ اہل الحدیث کی عظمت وشان پر اہل علم کے کچھ اقوال

دنیا میں کوئی ایسا بدعتی نہیں ہے جو اہل الحدیث سے بغض نہ رکھتا ہو۔

ابن القطان رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

اگر اسانید یاد رکھنے والی محدثین کی جماعت نہ ہوتی تو اسلامی منارہ مٹ گیا ہوتا اور ملحدین اور بدعتی گروہ احادیث گھڑنے اور اسانید کو الٹ پھیر کرنے پر قادر ہو جاتے۔

حاکم نیساپوری رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

تعالی کی رضاجوئی کے طالب کے لئے میں علم حدیث سے بہتر درجہ رکھنے والا علم نہیں جانتا کیونکہ لوگوں کو اپنے کھانے اور پینے سے زیادہ اس کی ضرورت ہے اس لئے یہ نفل نماز اور روزہ سے زیادہ افضل ہے کیونکہ یہ علم فرض کفایہ ہے۔

نیز فرمایا: حدیث کی اسناد، مومن کا ہتھیار ہے، اس لئے اگر اس کے پاس ہتھیار نہ ہو تو وہ کس چیز سے جہاد کرے گا۔

سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

اس امت میں کوئی ایسی قوم نہیں جو اصحاب الحدیث سے زیادہ نبی ﷺ پر درود و سلام بھیجتی ہو۔

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

سیدنا عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ نے حمص کے گورنر کو یہ لکھ بھیجا کہ: صالحین کے لئے بیت المال سے اس قدر مال نکالیں کہ وہ قرآن مجید کی تلاوت اور احادیث شریفہ کی مسئولیت میں غفلت نہ برتیں۔

6۔ علم حدیث کی شان عالی پر کچھ اشعار

كل العلوم سوى القرآن مَشْغَلةٌ

إلا الحديث وعلم الفقه في الدينِ

العلم ما قد كان فيه : حدثنا

وما سوى ذاك وَسواسُ الشياطينِ

(من ديوان محمد بن إدريس الشافعي رحمه الله)

قرآن مجید کے سوا ہر کلام مشغلہ روزگار کے علاوہ اور کچھ نہیں اور سوائے حدیث شریف اور دین میں تفقہ پانے کے اور علم وہی ہے جس میں "حدثنا" پڑھا اور لکھا جائے۔۔۔ اور اس کے ماسوا ہر علم محض شیاطین کے وساوس ہیں۔

7۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے مقام و مرتبہ کے اعتراف میں اکابر علماء کرام کے کلمات

1۔ علامہ سید محب الدین الخطیب رحمۃ اللہ علیہ کے تزکیتی کلمات:

جن داعیان اسلام نے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے احیاء میں اپنی زندگیاں وقف کر دیں، ان میں سے ایک ہمارے ایمانی بھائی شیخ ابو عبد الرحمٰن محمد ناصر الدین نوح نجاتی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

2۔ شیخ محمد صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ کے اعترافی کلمات:

"شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ سے بہت ملاقات بہت کم رہی، اس کی رو سے مجھ کو جو پتہ چلا کہ وہ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعمیل اور بدعات کے خلاف بر سر پیکار رہنے پر انتہاء درجہ توجہ دیتے تھے چاہے وہ عقیدہ کا معاملہ ہو یا عمل کا، اور جہاں تک ان کتابیں پڑھتے ہوئے میں نے ان کے تئیں جو جانا ہے وہ یہی ہے کہ انہیں روایت اور درایت کے اعتبار سے علمِ حدیث کا بہت زیادہ علم تھا اور اللہ تعالی نے ان کی کتابوں سے علم، منہج اور علم حدیث کی راہ پر چلنے کے لحاظ سے کثیر خلق کو نفع پہنچایا اور الحمد للہ مسلمانوں کے حق میں یہ بہت ہی بار آور عمل ہے اور جہاں تک ان کی جدید علمی تحقیقات کا تعلق ہے تو ان کے علاوہ آپ کو کسی اور چیز کی ضرورت نہیں ہو گی"۔

3۔ استاذ زید بن عبد العزیز الفیاض (أستاذ برائے کلیۃ أصول الدین، جامعۃ الإمام محمد بن سعود الإسلامیۃ) کے اعترافی کلمات

الحمد لله والصلاة والسلام على رسول الله نبينا محمد وعلى آله وصحبه ومن تبعهم بإحسان .

امابعد! بلاشبہ شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ اس زمانہ کی نابغہ روز گار شخصیات میں سے ہیں اور انہوں نے حدیث، اس کے طرق، اس کے راوی اور اس کی صحت و ضعف پر خاص توجہ دی ہے اور یہ ایک عظیم کام ہے جس میں زندگی کی گھڑیاں صرف کی جائیں اور اس سلسلہ میں بڑی محنت و

جدوجہد سے کام لیا ہے اور خیال رہے کہ وہ بھی انہیں علماء کی کڑی کا ایک حصہ ہیں جن سے صواب اور خطا دونوں سرزد ہوتے ہیں لیکن اس عظیم علم پر ان کا خاص اہتمام کرنا اس بات کا متقاضی ہے کہ اس علم میں ان کے خاص فضل وکمال کا اعتراف کیا جائے اور اس اہتمام پر ہم ان کے شکر گزار ہوں اور اللہ عزوجل سے دعا گو ہیں کہ وہ ہمیں، شیخ، دیگر تمام علماء اسلام اور عام مسلمانوں کو توفیق عمل نصیب فرمائے۔

4۔ شیخ عبد الرحمٰن عبد الخالق مصری رحمۃ اللہ علیہ کے اعترافی کلمات

وہ علماء اسلام میں سے ایک عالم، دعوت الی اللہ کی بلند ترین شخصیات میں سے ایک، دورِ حاضر میں محدثین کے شیخ اور ان کے امام ہیں، جان لیں کہ وہ میرے استاذ شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

5۔ شیخ محمد بن ابراہیم شقرۃ اردنی کے اعترافی کلمات

فضیلۃ الشیخ محمد بن ابراہیم شقرۃ فرماتے ہیں: اللہ تعالی عصر حاضر کے محدث، سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈا کو بلند رکھنے والے اور اس امت کے آفتاب وماہتاب شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ پر اپنے رحم وکرم کی بارشیں نازل فرمائے اور انہیں ڈھیروں اجر وثواب عطا فرمائے، سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی عمر کے دوسرے حصہ میں ایسی شخصیت نہیں دیکھی جو ان جیسی باریک بینی رکھنے والی، پچھلوں کے کام میں اضافہ کرنے والی، اگلوں کے لئے سہولت رسانی کرنے والی، متون کا اختصار کرتے ہوئے انہیں یکجا کرنے والی اور ان کے قواعد اور احکام کو مضبوط باریک بینی سے انجام دینے والی ہو۔۔۔

نیز فرمایا: اگر اس زمانہ کے سنت اور حدیث واثر کے شیوخ کی بلند ترین شخصیات کی سرٹیفکٹس یکجا ہو جائیں اور ان سب سے ایک سرٹیفکٹ تیار کی جائے اور پھر علماء کی تاریخ کے ٹیبل پر اس ایک سرٹیفکٹ کو رکھ دیا جائے تو مجھ کو یہ محبوب ہے کہ وہ ایک سرٹیفکٹ ایک ہی عالم حدیث پر صادق آئے اور وہ علماء کے استاذ، فقہاء کے شیخ اور دور حاضر کے مجتہدین کے سردار شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ ہوں، اللہ تعالی انہیں دارین میں عزت واکرام سے نوازے۔

6۔ علامہ المفسر محمد الامین الشنقیطی

عبد العزیز الھدہ کا یہ قول کہ: علامہ شنقیطی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے مرتبہ بلند کا اظہار عجیب انداز میں کیا کرتے تھے کہ جب انہیں راستہ سے آتا دیکھتے اور آپ حرم مدنی میں بحالت درس ہوتے تو اپنا درس روک کر کھڑے ہو جاتے اور تعظیم کرتے ہوئے انہیں سلام کرتے۔

حوالہ:

https://alalbani.info/alalbany_misc_0079.php
https://shamela.ws/book/36375/1259#p1

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

8۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ ہمہ جہتی خدمات

درج ذیل 61 نکات کی شکل میں

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی ہمہ جہتی خدمات کو درج ذیل 61 نکات کی صورت میں پیش کیا جارہا ہے

نوٹ: شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے کارنامے بہت سارے مجالات میں ہیں لیکن میں نے اس کتابچہ میں صرف علوم الحدیث کے بعض کارناموں کا ذکر کیا ہے۔

علم حدیث میں معتبر علماء کرام کا اجازہ حاصل تھا اور علماء کرام کی جانب سے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے مجددِ دین ہونے کی بشارت بھی بیان کی گئی ہے۔

1- شیخ ابنِ باز رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام و مرتبہ

(ما رأيتُ تحت أديمِ السماء عالِماً بالحديث فی العصر الحديث مثل الالبانی)

اور اسی طریقہ سے **(مجدِّدُ هٰذا العصر)** بھی کہا۔

(بحوالہ:حياة الالبانی الشيبانی)

ابن باز رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: "میں نے عصر حاضر میں اس آسمانِ دنیا کے سایہ تلے علم حدیث میں علامہ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ سے بڑھ کر علم رکھنے والا نہیں دیکھا"، اسی طرح ابن باز رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں دور حاضر کا مجدد قرار دیا۔

شیخ بن باز رحمۃ اللہ علیہ سے درج ذیل حدیث کے تئیں استفسار کیا گیا کہ اس صدی کے مجدد کون ہیں؟ تو شیخ نے کہا: میرا ظن غالب یہ ہے کہ اس صدی کے مجدد شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فِيمَا أَعْلَمُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" إِنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ عَلَى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُجَدِّدُ لَهَا دِينَهَا"، قَالَ أَبُو دَاوُد: رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شُرَيْحٍ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ لَمْ يَجُزْ بِهِ شَرَاحِيلَ .۔سنن ابي داود، كِتَاب الْمَلَاحِمِ، باب مَا يُذْكَرُ فِي قَرْنِ الْمِائَةِ،٤٢٩١، تفرد به أبو داود، (تحفة الأشراف: ١٥٤٥١)، وَصَحَّحَهُ الشيخ الأَلْبَانيُّ ۔

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " اللہ تعالی اس امت کے لیے ہر صدی کی ابتداء میں ایک ایسے شخص کو مبعوث فرمائے گا جو اس کے لیے اس کے دین کی تجدید کرے گا "۔ سنن ابی داود / کتاب: اہم معرکوں کا بیان جو امت میں ہونے والے ہیں / باب:

صدی پوری ہونے پر مجدد کے پیدا ہونے کا بیان، تحفۃ الأشراف: 15451، اس حدیث کو سنن اربعہ کے محدثین میں سے صرف ابوداود نے روایت کیا ہے، حدیث نمبر: 4291، شیخ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا۔

Narrated Abu Hurairah: The Prophet ﷺ said: Allah will raise for this community at the end of every hundred years the one who will renovate its religion for it. Sunan Abi Dawud, Battles (Kitab Al-Malahim), Chapter: Description Of Happenings In Every Century, Hadith No:4291

2- محمد مبارک شیخ طباخ کی نظر میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام و مرتبہ

محمد مبارک نے شیخ طباخ سے شیخ کی علوم حدیث میں اقبال مندی اور ان کے امتیاز کا ذکر کیا اور جب شیخ طباخ نے اس امر کی توثیق کر لی تو انہیں خصوصی طور پر ان کی عزت افزائی اور صلاحیت کے اعتراف میں علم حدیث کی سند اجازت عطا کی۔

3- علماء کرام کی نظر میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام و مرتبہ

ج- علماء کرام نے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کو مجدد دین کا مصداق قرار دیا جیسے علامہ محمد راغب الطباخ، شیخ محب الدین الخطیب (الروض الدانی از عصام موسی ھادی)، اور مغربی محدث شیخ ابو الفضل احمد البخاری نے شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کو مجدد قرار دیا۔

4۔ شیخ مقبل بن ہادی الوادعی رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام و مرتبہ

شیخ مقبل بن ہادی الوادعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا:

"اور جو میرا عقیدہ اور جس دین الٰہی کا میں پیروکار ہوں کہ شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ ان مجددین میں سے ہیں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان صادق آتا ہے۔

5۔ علمِ العلل میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد **عبد اللہ البخاری** نے کہا کہ، جو کوئی شیخ البانی کے دِقتِ علمی معلوم کرنا چاہتا ہے تو اس کو چاہئے کہ وہ "السلسلۃ الضعیفہ" میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق پڑھ لے، اس کو ایسے معلوم ہو گا کہ وہ امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کو پڑھ رہا ہو۔

(عبد اللہ البخاری تلمیذ الالبانی)

6۔ کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت

انہوں نے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں زائد از دو سو مولفات، تحقیقات، تعلیقات اور تخریجات پیش کیں اور دین اسلام کا ایسا مکتبہ پیش کیا کہ مملکتیں اور ان کی لائبریریز جس کو پیش کرنے سے عاجز ہوتی ہیں اور آج اگر کوئی علم حدیث میں کچھ لکھتا ہے تو وہ اسی عظیم ہستی سے استفادہ کرنا ضروری ہے باذن اللہ۔

(شیخ ربیع المدخلی)

7۔ سنتِ نبوی کی تعظیم اور شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ

یہ عظیم شخصیت ہمارے ہاں علم و فضل، سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور اس کی خدمت کرنے اور مذہبی تعصب اور اندھی تقلید سے بچ کر رہنے کے تئیں اہل السنۃ والجماعۃ کے مذہب کی تائید کرنے سے جانے جاتے ہیں، ان کی کتابیں مفید ہیں لیکن وہ دیگر علماء کی طرح معصوم نہیں بلکہ ان سے بھی غلطی اور صواب کا صدور ہوتا ہے اور ہم ان کے حق میں ان کے حق بجانب قول و فعل میں دہرے اجر اور ان کی خطاء میں اجتہاد کے اجر و ثواب کی امید رکھتے ہیں جیسا کہ صحیحین میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے:

عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:" إِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ، ثُمَّ أَصَابَ فَلَهُ أَجْرَانِ، وَإِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ، ثُمَّ أَخْطَأَ فَلَهُ أَجْرٌ". صحيح البخاري، كِتَاب الِاعْتِصَامِ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ، بَابُ أَجْرِ الْحَاكِمِ إِذَا اجْتَهَدَ فَأَصَابَ أَوْ أَخْطَأَ: 7352 ، صحيح مسلم :

1716

سیدنا عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "جب حاکم کوئی فیصلہ اپنے اجتہاد سے کرے اور فیصلہ صحیح ہو تو اسے دہرا ثواب ملتا ہے اور جب کسی فیصلہ میں اجتہاد کرے اور غلطی کر جائے تو اسے اکہرا ثواب ملتا ہے (اجتہاد کا)۔"

(صحیح بخاری / کتاب: اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مضبوطی سے تھامے رہنا / باب: حاکم کا ثواب، جب کہ وہ اجتہاد کرے اور صحت پر ہو یا غلطی کر جائے۔ حدیث نمبر: 7352، صحیح مسلم: 1716)

Narrated `Amr bin Al-`As: That he heard Allah's Apostle saying, "If a judge gives a verdict according to the best of his knowledge and his verdict is correct (i.e. agrees with Allah and His Apostle's verdict) he will receive a double reward, and if he gives a verdict according to the best of his knowledge and his verdict is wrong, (i.e. against that of Allah and His Apostle) even then he will get a reward.

(Sahih al-Bukhari, The Book of Holding Fast To The Qur'An and The Sunna, Chapter. The reward of the judge for giving a verdict according to the best of his knowledge and whether his verdict was right (according to Allah or His Messenger's verdict) or wrong (i.e., did not agree with the verdict of Allah and His Messenger), Hadith No:7352, Sahih Muslim: 1716)

الشیخ عبد العزیز بن باز رحمۃ اللہ علیہ، الشیخ عبد الرزاق عفیفی، الشیخ عبد اللہ بن غدیان، الشیخ عبد اللہ بن قعود۔

(فتاوى اللجنة الدائمة "12/324,325))

8۔ احیاءِ سنت میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام و مرتبہ

احیاء سنت میں اونچا مقام حاصل تھا۔

(شیخ ابنِ عثیمین رحمۃ اللہ علیہ مجلۃ الأصالہ عدد 23)

9- شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے کتب کی اہمیت

جب بھی ہم شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتابیں پڑھتے ہیں تو ہمارا علم بڑھتا ہے۔

(اقامۃ البرہان ص 7-6)۔ شیخ مقبل بن ہادی الوادعی رحمۃ اللہ علیہ

10۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ پر طعن و تشنیع کا معاملہ

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ پر طعن و تشنیع کسنے والا گویا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر طعن و تشنیع کرنے میں مدد کر رہا ہے۔

(شیخ حمود التویجری)

11۔ علمِ جرح و تعدیل میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام و مرتبہ

علمِ جرح و تعدیل و تخریج میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابنِ حجر رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابنِ کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے عہد کو واپس لایا۔

(Islamonline.net)

نوٹ: ایک زمانہ تھا کہ جب حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی کتابوں کو برکتی کتابوں سے موسوم کیا جاتا تھا جنہیں علم ، عمل اور اتباع کے بجائے محض اجر و ثواب کی نیت سے پڑھنے کے لئے نکالا جاتا اور ان سب کی اصل و بنیادی وجہ اندھی تقلید اور مذہبی تعصب تھا لیکن شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے سنت کی خدمت میں ایسی جدوجہد کی کہ علم حدیث میں جرح و تعدیل اور اس کی تخریج طلبہ علم میں عام ہو گئی اور اگر آج کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس فن میں مہارت حاصل کرے تو اس کے لئے شرط یہی ہے کہ وہ اپنی متاع عمر کے اصل حصہ کو اس میں فنا کر دے کیونکہ علم حدیث، اس کے قواعد و اصول اور علم الاسانید یہ تمام اس کے طالب علم سے صد فیصد وقت کے وقف کا مطالبہ کرتے ہیں۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے احادیث صحیحہ اور احادیث ضعیفہ کی ایسی تمیز فرمادی

کہ شریعت کا ادنی طالب علم ہی نہیں بلکہ عام اور خاص مسلمان بھی احادیث کو ان کی صحت اور ضعف کا حکم جانے بغیر بلا تحقیق نقل کرنے کی جرات نہیں کرتا کیونکہ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس علم کی نشر و اشاعت میں کوئی کسر نہ چھوڑی اور شیخ کی یہ سعی مشکور اس بات کی متقاضی ہے کہ ہم اپنی خلوتوں اور جلوتوں میں ان کے حق میں دعا کریں اور اپنی زبانوں اور قلوب سے ان کے فضل و شرف کا اعتراف کریں، اللہ تعالی تمام مسلمانوں کی جانب سے انہیں بہترین بدلہ عطا فرمائے۔

12۔ خود نوشت

میں ارشد بشیر مدنی ایک ادنی طالب علم ہوں، مجھے علم حدیث کا شوق کیسے پیدا ہوا؟

میرا عالمیت کا آخری سال تھا اور جب میری عمر 17 سولہ سال کی تھی۔ میں نے 1994ء میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "الجنائز" کو اس قدر پڑھا کہ اس کتاب کی اکثر عبارات مجھ کو یاد ہو گئی تھیں، الحمد للہ میرے مشفق استاذ محترم شیخ عبد السلام گونڈوی حفظہ اللہ تعالی بھی مجھ کو المنتقی کے ساتھ، کتاب الجنائز اور شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی دیگر کتب کی عبارتیں یاد کرواتے تھے اور سمجھاتے تھے کہ حدیث اور فقہ کو ملا کر کیسے پڑھتے ہیں اور اسکے فنون سکھاتے تھے، فقہ السنہ میں مہارت کیسے حاصل کریں رہنمائی کرتے تھے، فقہ کے ساتھ تخریج حدیث پر زور دیتے، جزاہ اللہ خیرا واصحاب جامعۃ دارالسلام بعمراباد بالھند۔

مزید یہ کہ میرے مشفق استاذ محترم شیخ عبد السلام گونڈوی حفظہ اللہ تعالی شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے کتب کے ساتھ ساتھ، علم حدیث میں، تہذیب التہذیب، تقریب التہذیب پڑھایا کرتے تھے، اور فرماتے تھے کہ علم حدیث اور تخریج میں مہارت کے لئے یہ کتب میں ادمانِ نظر ضروری ہے، میں منتخب رواۃ کے بارے میں امام ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کے عبارات یاد کرتا تھا، یہ شوق مجھے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے کتب پڑھنے سے اور عمر آباد کے اساتذہ کی راہنمائی سے پیدا ہوا تھا اللہ کے فضل سے (الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ)۔

13۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ اہل علم کے لئے مرجع کی حیثیت رکھتے تھے

وقت کے بڑے بڑے علماء شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف رجوع کرتے تھے، جیسا کہ علی طنطاوی نے کہا کہ میں رجوع کرتا ہوں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف علم حدیث کے مسائل میں (أنا اراجع الی الشیخ ناصر

فی مسائل الحدیث)اعلام الدعوة ، عبد الله العقیل

14۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے کتب کی تعداد

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے زائد از 300 کتابیں تحریر فرمائی جن میں سے بعض کتب کئی کئی مجلدات پر مشتمل ہیں۔ (Islamonline.net)

15۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی مشغولیت اور مطالعہ کا طریقہ کار

جواں عمری ہی سے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا معمول یہ ہو چکا تھا کہ روزآنہ دن بھر میں سے تین گھنٹے گھڑیوں کی اصلاح فرماتے اور بقدر کفاف روزی کما کر اہل و عیال کی ضروریات کی تکمیل فرماتے اور دمشق میں واقع لائبریری "مکتبہ ظاہریہ" میں آٹھ تا بارہ گھنٹے علم حدیث کے مخطوطات اور مطبوعات کے مطالعہ کے ساتھ تصنیف و تالیف اور مطالعہ میں غرق رہتے اور ایسا لگتا تھا کہ گویا وہ اس لائبریری کے ملازم ہوں، اور شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی عمر کے بائیسویں حصہ ہی میں دو عظیم کتابوں پیش فرمائی معجم الطبرانی الصغیر کی اور تحذیر الساجد۔

16۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ بحیثیتِ مدرس

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے سنہ 1961 تا 1964 مملکت سعودی عرب کی مایہ ناز یونیورسٹی جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں درس و تدریس کی خدمات انجام دیں۔

17۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی فقہی تشریحات

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے 6000 سے زائد ویڈیوز اور آڈیوز ہیں جس میں وہ حدیث کے دو بنیادی اجزاء سندِ حدیث اور متنِ حدیث اور احادیث کی فقہی تشریحات کے ذریعہ علوم کے موتی بکھیرتے رہے۔ (Islam Story) اور دیگر ویب سائیٹس میں موجود و محفوظ ہیں۔

18۔ شیخ شعیب ارناوط کا شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھنے کی خواہش

انٹرویو پر مشتمل ایک ویڈیو کے مطابق شیخ شعیب ارناوط نے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ سے سنن ابی داؤد پڑھنے کی خواہش ظاہر کی۔

19۔ دورانِ سفر "نزہۃ النظر" کی مکمل تشریح

شیخ علی حسن کے بقول شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے طلبہ کے ہمراہ دوران سفر کتاب "نزھۃ النظر" کی مکمل تشریح فرمائی۔

20۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی فقاہت

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی فقاہت دیکھنی ہو تو کم از کم "کتاب الجنائز"، "کتاب آداب الزفاف" اور "تمام المنۃ" کا مطالعہ کرلیں اور اس سلسلہ میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی 600 آڈیوز کو سن لیں آپکی فقہ دانی کا اعتراف کئے بنا آپ نہیں رہ سکتے ان شاء اللہ۔("Albani info" پر موجود آرٹیکل کا اقتباس)

21۔ شیخ ضیاء الرحمٰن اعظمی کا قول

شیخ ضیاء الرحمٰن اعظمی کا کہنا ہے کہ اگر علم حدیث کا کوئی طالب علم، فقہ السنۃ اور حدیث کی تصحیح اور تضعیف میں ملکہ پیدا کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اپنی طالب علمی کے دور ہی سے روزآنہ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ شاہکار کتابیں "السلسلۃ الصحیحہ والضعیفہ"، اور "ارواء الغلیل" کا کچھ نہ کچھ حصہ پڑھتا رہے۔

22۔ شیخ بن باز رحمۃ اللہ علیہ کا ایک قول

اس امر میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی تمام ہی کتابیں بہت ہی مفید ہیں لیکن یاد رہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ماسوا کوئی معصوم عن الخطا نہیں (ابن باز)

23۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے تحقیقات پر علمی مباحثہ کیا جاسکتا ہے

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی علمی خدمات پر علمی مباحثہ کیا جاسکتا ہے لیکن اس مباحثہ کے ذریعہ ان پر طعن و تشنیع کسنا، ان کی عیب جوئی کا انداز اختیار کرنا اور مخصوص عصبیت کی بناء پر ان کی قدر و منزلت کو گرانے کی کوشش کرنا ، ان جیسے تمام امور علماء کی شان و مرتبہ کے یکسر خلاف ہے جو ناقابل قبول عمل ہے۔fatwaonline.com

24۔ شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ کا قول

شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ: جو شخص شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ پر مذہب ارجاء کی تہمت لگاتا ہے وہ یا تو شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کو نہیں جانتا یا" ارجاء" کی تعریف سے ناواقف ہے کیونکہ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ اہل سنت و الجماعت میں سے ہیں اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دفاع کرنے والوں میں سے اور حدیث میں امامت کا درجہ رکھتے ہیں۔

25۔ دکتور سعد الحمید کا قول

دکتور سعد الحمید کا کہنا ہے کہ: اگر شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے کسی حدیث کو ضعیف قرار دیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ غالب اعتبار سے وہ حدیث اسی لائق ہے کہ اس کو ضعیف قرار دیا جائے۔

26۔ شیخ بن باز رحمۃ اللہ علیہ کا ایک اور قول

ابنِ باز رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

ناصر الدين البانى من خير الناس وهو من العلماء المعروفين باالاستقامة والعقيدة الطيبة والجد فى تصحيح الحديث وبيان حالها وهو عمدة فى هذا الباب ولٰكن ليس بمعصوم) (binbaz.org)

علامہ شیخ بن باز رحمۃ اللہ علیہ نے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی تعریف میں کہا: وہ بہترین ہستیوں میں سے ایک ہیں اور ان معروف و مشہور اہل علم کی فہرست میں شمار کئے جاتے ہیں جو راہ ہدایت پر ہمیشہ گامزن اور پاکیزہ عقیدہ کے

حامل ہوتے ہیں اور جو حدیث کی تصحیح وتضعیف اور ان کے احوال کی توضیح و تشریح میں جدوجہد کرتے ہیں اور وہ اس باب میں ایک اصل مرجع کی حیثیت رکھتے ہیں، لیکن خیال رہے کہ وہ (رسولوں کی طرح) معصوم نہیں ہیں۔(binbaz.org)

27۔ صیفی عاشور ابوزید مصری کا قول

مصری اکادیمی شخصیت وصفي عاشور أبوزيد کے مضمون میں اس طرح وصف بیان کیا گیا ہے کہ:

جاء الألباني ونفض الغبار –مع غيره– وحرك الهمم الراكدة، وتبعه جيل عظيم من المسلمين، واستفاد بعلومه كلُّ من اشتغل بالحديث، فليس منهم أحد إلا وهو مستفيد من الألباني

(Aljazeerah.net)

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اوروں کے ساتھ مل کر امت پر چھائی ہوئی گرد و غبار کو مٹادیا اور ماند پڑی ہوئی ہمتوں میں جان پھونکی اور جلیل القدر مسلمان ہستیاں ان کے پیروہوئے اور علوم حدیث میں مصروف رہنے والے تمام علماء اور طلبہ علم نے ان کے علوم سے استفادہ کیا اور آپ کو ان میں سے کوئی ایسا نہ ملے گا جس نے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے علوم سے استفادہ نہ کیا ہو۔

28۔(شیخ محمد صالح المنجد) اسلام سوال وجواب میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کا وصف

الاسلام سوال وجواب میں شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں یہ وصف بیان کیا گیا ہے کہ

أن الشيخ الألباني رحمه الله أهلٌ لأن يؤخذ عنه العلم ، وبخاصة علم الحديث ، وقد زكَّاه رؤوس أهل العلم في زماننا هذا ، وزكته جهات رسمية[٢] ، وأكاديمية

---

[٢] ومع تلك الشهادات الغالية من أولئك الأئمة الأعلام : فإننا نذكر تزكية الجهات الأكاديمية ، والمجامع الفقهية لعلم الشيخ الألباني ، وهي تعزز شهادة إخوانه العلماء .

١ " مجمع الفقه الإسلامي . "

قال الأمين العام لمجمع الفقه الإسلامي الدكتور الحبيب بلخوجة – حفظه الله: –

إننا فقدنا بموته رجلا سبّاقاً إلى خدمة العالم الإسلامي ، فكان بذلك مرجعاً لعدد كبير من الأساتذة والشيوخ .

" ٣رابطة العالم الإسلامي . "

قال الأمين العام لرابطة العالم الإسلامي الدكتور عبد الله بن صالح العبيد – حفظه الله: –

، عربية ، وأعجمية .

